PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

ریجنز صدور کی ذکا اشرف سے ملاقات۔

- ڈومیسٹک کرکٹ ڈھانچے پر بریفنگ۔ ریجنز کا پاکستان کرکٹ بورڈ پر مکمل اظہار اعتماد۔

لاہور10۔اگست،2023:

پاکستان کی ڈومیسٹک کرکٹ میں حصہ لینے والے ریجنز کے صدور کے پاکستان کرکٹ بورڈ کی منیجمنٹ کمیٹی کے چیرمین ذکا اشرف سے اہم ملاقات کی ہے۔

اس ملاقات میں جو پی سی بی ہیڈ کوارٹر میں خوشگوار ماحول میں ہوئی ڈومیسٹک کرکٹ کے ڈھانچے سے متعلق تفصیلی بات چیت ہوئی اور تمام اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے ڈومیسٹک کرکٹ کی مزید بہتری کے لیے مل جل کر کام کرنے کی کاوشوں کو اجاگر کیا گیا۔

ملک کے مختلف کرکٹ ریجنز کے صدور نے ڈومیسٹک کرکٹ کے ڈھانچے سے متعلق ان تمام مجوزہ تبدیلیوں پر اپنے مکمل اعتماد کا اظہار کیا جو پاکستان کرکٹ بورڈ کرنے والا ہے اور جن کا اعلان آج کیا جائے گا۔

اس ملاقات میں تمام شرکا نے نئے ڈومیسٹک فریم ورک سے متعلق کھل کر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ اس ڈومیسٹک فریم ورک میں کرکٹ ٹیلنٹ کی گراس روٹ لیول پر پرورش، ابھارنے اور اسے بلند کرنے پر توجہ دی گئی ہے۔

حال ہی میں تشکیل پانے والی ٹیکنیکل کرکٹ کمیٹی جس کے سربراہ مصباح الحق اور رکن محمد حفیظ ہیں، نے بھی نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں ریجنز کے صدور کو تفصیلی بریفنگ دی اس موقع پر ڈومیسٹک کرکٹ آپریشنز کے قائم مقام ڈائریکٹر جنید ضیا نے بھی شرکا کو نئے ڈومیسٹک کرکٹ کے ڈھانچے سے متعلق تفصیل سے آگاہ کیا اور بتایا کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کس طرح کھلاڑیوں کی ڈیولپمنٹ پر منظم انداز میں کام کررہا ہے۔

اس موقع پر پاکستان کرکٹ بورڈ کی منیجمنٹ کمیٹی کے چیرمین ذکا اشرف کا کہنا تھا کہ وہ اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ پاکستان کرکٹ کا دل اور روح ریجنز سے ہے کیونکہ یہی ریجنز ڈومیسٹک کرکٹ میں ہمارے نوجوان ٹیلنٹ اور ان کی مہارت کو ابھارنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

ان کا کہنا تھا کہ کچھ عرصے کے لیے ہمارے ریجنل سیٹ اپ میں کام کرنے کے سلسلے میں خلا آیا لیکن اب انہیں خوشی ہے کہ یہ ریجنز دوبارہ متحرک ہوئے ہیں اور یہ ہماری کرکٹ کے لیے ایک اہم قدم ہے۔

ذکا اشرف نے کہا کہ تمام ریجنز کی جانب سے سپورٹ اور جوش وخروش پر ان کا شکریہ ادا کیا اور اس یقین کا اظہار کیا کہ ہم سب اپنے کرکٹ اسٹارز کا عروج دیکھیں گے جو باوقار انداز میں پاکستان کرکٹ کی شاندار روایات کو آگے بڑھائیں گے۔

مصباح الحق نے اس موقع پر امید ظاہر کی کہ ہم ایک ایسا ڈھانچہ تشکیل دے سکتے ہیں جو نہ صرف تمام کرکٹرز کے لیے فائدہ مند ہو بلکہ تمام اسٹیک ہولڈرز کی مکمل دلچسپی بھی اس میں شامل ہو۔

انہوں نے کہا کہ تمام شرکا کی حمایت سے یہ ڈھانچہ کامیابی سے ہمکنار ہو گا۔ اگر ہم ساتھ کام کریں تو ہم ایک ایسا مستقبل تیار کر سکتے ہیں جو کھیل کے وقار اور بے شمار نوجوان کھلاڑیوں کی خواہشات کے مطابق ہو۔

محمد حفیظ نے اس موقع پر شرکا سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو ہم نے اہمیت دینی ہے اور اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ کرکٹرز اور سپورٹ اسٹاف مہارت اور لگن سے کام کرنے والے ہوں۔

انہوں نے کہا کہ یہ کرکٹ ڈھانچہ ہماری اجتماعی کوششوں کے ذریعے اس کھیل سے وابستہ افراد کو مواقع فراہم کرے گا۔ آپ لوگ کی سپورٹ سے ہم کھلاڑیوں کے لیے روشن مستقبل کے سلسلے میں پرامید ہیں۔

اس ملاقات میں تمام ڈومیسٹک ریجنل صدور نے پاکستان کرکٹ بورڈ کی کھیل کو ترقی اور فروغ کے سلسلے میں کوششوں کو سراہا اور اپنی مکمل حمایت کا یقین دلایا۔ یاد رہے کہ اس ملاقات کے لیے تمام ریجنز کو دعوت نامے ارسال کیے گئے تھے تاہم چند ریجنل صدور اس ملاقات میں شریک نہ ہو سکے۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficia